حضرت اخندزادہ پیر سیف الرحمٰن ارچی خراسانی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: لاہور)

حضرت قائد اہل سنت شیخ الاسلام مولانا الشاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: کراچی)

غازیِ اسلام جانثارِ پاکستان ملک عبد الرسول قادری رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: جوہر آباد)

امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے ترجمۂ قرآن کی مناسبت سے

اشاعت خاص

انوارِ کنز الایمان

ڈاکٹر امجد رضا امجد (انڈیا)

ملک محبوب الرسول قادری (پاکستان)

انٹرنیشنل غوثیہ فورم

انوار رضا لائبریری 198/4 جوہر آباد (41200) پنجاب، پاکستان

0092-300/321-9429027

mahboobqadri787@gmail.com

لائی گئیں کہ عقیدے کی دنیا بنجر ہو کر رہ جائے اور فکر مجروح۔ اس سلسلے میں وہابیت، دیو بندیت، غیر مقلدیت، نیچریت، قادیانیت وغیرہ نو پید فرقے قابل ذکر ہیں۔ جن کے لٹریچر ایسے ہی افکار سے آلودہ ہیں کہ ایمان جاتا رہے۔ ان فرقوں کے پیش واؤں نے قرآن مقدس کے ترجمے بھی کیے جن کا مقصد قرآن کی اپنے فہم و عقیدے کے مطابق تعبیر پیش کرنا تھا۔ ان کے اکابر نے اپنی اپنی کتابوں میں عظمت و شان رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں گستاخی کی جرأت کی اور کتابیں بھی شائع کیں جن سے مسلمانوں میں انتشار پھیلا، اختلاف پروان چڑھا۔ انھیں علماے حق نے رجوع و توبہ کی ترغیب دی، ان کی حرکتوں پر حکم شرع بیان کیا لیکن وہ باز نہ آئے اور اپنے فرنگی آقاؤں کی خوش نودی کے اور دنیوی فائدے کے لیے اپنی ایمان سوز عبارات کی تاویلیں گڑھتے رہے۔

فتنہ ملت بیضا ہے امامت اس کی
جو مسلماں کو سلاطیں کا پرستار کرے

دیو بند کے ایک ذمہ دار عالم مولوی عامر عثمانی نے اپنے اکابر کی کتابوں میں متنازعہ عبارتوں کا اعتراف کرتے ہوئے اس طرح کا ریمارک دیا ہے جو لائق غور ہے: ''ہمارے نزدیک جان چھڑانے کی ایک ہی راہ ہے یہ کہ یا تو تقویۃ الایمان اور فتاویٰ رشیدیہ، فتاویٰ امدادیہ اور بہشتی زیور اور حفظ الایمان جیسی کتابوں کو چوراہا پر رکھ کر آگ دے دی جائے اور صاف اعلان کر دیا جائے کہ ان کے مندرجات قرآن و سنت کے خلاف ہیں۔''۹

دیابنہ کے اکابر نے قرآن مقدس کے جو ترجمے کیے ان میں بھی اپنے مذموم عقائد کو ملایا یوں عقیدہ و ایمان کو پراگندہ کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہاں پوری رقم طراز ہیں:

''یوں تو قرآن کریم کا کتنے ہی علمانے اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے جن میں سے مولوی محمود حسن دیو بندی (المتوفی ۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۰ء)، مولوی اشرف علی تھانوی (المتوفی ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۳ء)، مولوی فتح محمد جالندھری، ڈپٹی نذیر احمد دہلوی اور جناب ابوالاعلیٰ مودودی کے تراجم پاک و ہند میں آج کل بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہے ہیں اور ان حضرات کو کلام الٰہی کی ترجمانی کے علم بردار منوانے کی بھر پور سعی کی جاتی رہی ہے لیکن انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو ان حضرات نے اپنے اپنے مخصوص خیالات کو ترجمے کی آڑ میں قرآن کریم سے ثابت کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کیا۔''۱۰

طلوع سحر:

خائف و لرزاں ہوا تجھ سے ہر اک باطل پرست

تیرے علم و فضل کی ہے کیا ہی یہ روشن دلیل

یہ بھی خدائی اہتمام تھا کہ انیسویں اور بیسویں صدی میں وجود میں آنے والے فتنوں کے سد باب کے لیے ۱۸۵۶ء میں شہر بریلی میں مجدد اسلام امام احمد رضا قادری برکاتی محدث بریلوی (م ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) کی ولادت ہوتی ہے۔

ایک طرف فتنوں کی بھیڑ تھی اور ہر ایک اسلام کے قصر رفیع میں شگاف ڈالنا چاہتا تھا۔ اسلاف کی راہوں کو چھوڑ کر نئے نئے راستے تراش لیے گئے تھے اس وقت ان فتنوں کے دام فریب سے امت مسلمہ کو بچانے کے لیے امام احمد رضا کی ذات میدان عمل میں آئی۔ جس طرح فاسد نظریات کا آپ نے مقابلہ کیا اور حق کے چہرے پر غبار نہ آنے دیا اس بارے میں پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد (م ۲۰۰۸ء) لکھتے ہیں:

''امام احمد رضا متقدمین اہل سنت و جماعت کے مسلک پر قائم تھے اور اس استقامت کے ساتھ کہ زمانہ کا کوئی انقلاب ان کو متاثر نہ کر سکا حالاں کہ ان کے معاصرین میں اکثر زمانے کی رو میں بہہ گئے اور تاریخی عمل کی زد میں آ گئے مگر امام احمد رضا نے اپنی بے پناہ ہمت و استقامت اور حق تعالیٰ کی عنایت سے تاریخ کے دھارے کو موڑ دیا، زمانے سے ٹکر لی، اسلام کی خاطر اپنی جان و مال اور عزت و شہرت کو داؤ پر لگا دیا اور بالآخر وہی سب کچھ ہوا جو ان کے مولیٰ نے چاہا، بے شک ع

ایام کا مرکب نہیں، راکب ہے قلندر''۱۱

ہند میں عہد اکبری میں جو الحاد سر ابھارا تھا اور مشیت نے مجدد الف ثانی کو بھیجا تھا ایسے ہی ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد رونما ہوا۔ اگر مجدد اسلام امام احمد رضا محدث بریلوی شعار مشرکین اور باطل تحریکات کا سد باب نہ فرماتے تو شاید ایمانی حمیت و رمق الحاد و بے دینی اور مراسم شرک کی نذر ہو کر رہ جاتی۔ علامہ ارشد القادری تحریر فرماتے ہیں:

''تاریخ شاہد ہے کہ وقت کا بڑے سے بڑا فتنہ، چاہے اپنے چہرے پر کتنا ہی خوب صورت نقاب ڈال کر سامنے آیا ہو اعلیٰ حضرت کے قلم کی ضرب سے پاش پاش ہو کے رہ گیا۔ باطل کی آلودگی سے اسلام کو پاک کرنے کے لیے انھیں چومکھی لڑائی لڑنی پڑی۔ فتنہ چاہے اندر کا ہو یا باہر کا، ان کے قلم کی تلوار یکساں طور پر سب کے خلاف نبرد آزما رہی۔ عمل تطہیر کی اس مہم کے پیچھے نہ کسی حکومت کی سرپرستی تھی نہ کسی دولت مند کی منت پذیری۔''۱۲

ایک ایمان افروز بہار آئی۔ ڈالیاں جھولنے لگیں۔ شاخیں جھومنے لگیں۔ ایمان کے گلشن میں تازہ پھول کھلنے لگے۔ بلبلیں چہکنے لگیں۔ قمریاں نغمہ ریز ہو گئیں۔ امام احمد رضا نے ایک